# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1 - تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2 - سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3 - ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ) میں LMSپر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5-مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

والسلام

کورس رابطہ کار

ڈاکٹر حافظ سعید الرحمن

کورس: فقہ السیرۃ النبویۃ(3904)　　　　　　سمسٹر: بہار، 2026

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ رسول اللہ ﷺ کے پہلے اور دوسرے تجارتی سفر کی تفصیلات کیا تھیں؟ آپ ﷺ نے ان سفروں میں کیا تجربات حاصل کیے اور یہ سفر آپ کی آئندہ زندگی پر کیسے اثرانداز ہوئے؟ (20)

سوال نمبر2۔ خفیہ تبلیغ کے دوران رسول اللہ ﷺ نے کن طبقات کو سب سے پہلے دعوت دی اور اس مرحلے میں کن چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا؟ (20)

سوال نمبر3۔ ہجرت مدینہ کے پس منظر پر تفصیل سے روشنی ڈالیں اور وضاحت کریں کہ رسول اللہ ﷺ مکہ سے باہر کے وفود کو دعوت دینے میں کس طرح سرگرم عمل رہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ سفر ہجرت کے تناظر میں فقہ السیرۃ کے اہم نکات کی وضاحت کریں۔ خاص طور پر ہجرت کی منصوبہ بندی، حضرت ابو بکرؓ کی رفاقت اور کفار کی امانتوں کی واپسی جیسے نکات پر تفصیلی گفتگو کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ قبیلہ خزرج کے چھ افراد سے ملاقات اور ان کے اسلام قبول کرنے کے پس منظر کو بیان کریں نیز اس واقعے نے مدینہ میں دعوتِ اسلام کے فروغ میں کیا کردار ادا کیا؟ مفصل لکھیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ غزوہ احزاب کے موقع پر حضرت نعیم بن مسعودؓ کی جنگی چال اور اس کے اثرات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ میثاق مدینہ کے بنیادی مقاصد کیا تھے اور یہ معاہدہ کس طرح اسلامی ریاست کے استحکام میں مددگار ثابت ہوا؟ (20)

سوال نمبر3۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو اہل مکہ کے پاس کیوں بھیجا؟ ان کے مشن کے دوران پیش آنے والے واقعات اور اس کے نتائج پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رسول اللہ ﷺ نے مختلف حکمرانوں کو خطوط کیوں بھیجے؟ ان خطوط نے بین الاقوامی سطح پر اسلام کے پھیلاؤ پر کیا اثرات مرتب کیے اور ان سے رسول اللہ ﷺ کی سفارتی حکمت عملی کے کون سے پہلو واضح ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر5۔ صلح حدیبیہ کے معاہدے کے بعد اسلامی ریاست کو کس طرح فائدہ پہنچا؟ اس معاہدے کے ذریعے اسلام کو کون کون سی سیاسی اور سماجی کامیابیاں حاصل ہوئیں؟ (20)